Inam/ Fazil

23-03-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- سکیورٹی سے متعلق کابینہ کمیٹی نے مغربی ایشیا محاذ آرائی کے تناظر میں پیدا ہونے والے حالات کا جائزہ لیا۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اِس کے ناموافق اثرات سے لوگوں کو محفوظ رکھنے پر زور دیا ہے۔

2- ایران نے دھمکی دی ہے کہ اگر امریکہ نے اُس کے بجلی گھروں پر حملہ کیا تو آبنائے ہرمز کو پوری طرح بند کردیا جائے گا۔

3- آسام، کیرالم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوجائے گا۔

4- سرکار آج اہم اور کلیدی معدنیات کے بلاکوں کیلئے نیلامی کا ساتواں مرحلہ شروع کررہی ہے۔

5- اور چھتیس گڑھ میں بدھ کو شروع ہونے والے کھیلو انڈیا قبائلی گیمز کے مقابلے رائے پور، جگدَل پور اور سرگوجا میں ہوں گے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM CCS Meeting

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مغربی ایشیا کی محاذ آرائی ایک لگاتار ابھرنے والی صورتحال ہے اور پوری دنیا اِس سے کسی نہ کسی شکل میں متاثر ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس طرح کے حالات میں لڑائی کے اثرات سے لوگوں کو محفوظ رکھنے کیلئے بھرپور کوششیں کی جانی چاہئیں۔ جناب مودی نے سکیورٹی سے متعلق کابینہ کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ مغربی ایشیا میں جاری محاذ آرائی کے تناظر میں حالات کا جائزہ لینے اور اقدامات کے سلسلے میں یہ میٹنگ بلائی گئی تھی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

VC - Samarth Singh

*اِس میٹنگ میں کابینہ سکریٹری ٹی وی سومناتھن نے عالمی صورتحال اور اب تک کئے گئے اقدامات نیز اُن منصوبوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری پیش کی، جو سبھی متعلقہ*

وزارتیں اور محکمے تیار کررہے ہیں۔ وزیرِ اعظم کے دفتر کے بیان کے مطابق اِس میٹنگ میں زراعت، کیمیاوی کھاد، خوراک کی یقینی فراہمی، پٹیرولیم جیسے شعبوں اور دیگر متاثرہ شعبوں میں اِس کے ممکنہ اثرات اور اِن سے نمٹنے کے اقدامات پر تبادلہَ خیال کیا گیا۔

اِس میٹنگ میں خوراک، توانائی اور ایندھن کی یقینی فراہمی سمیت عام آدمی کی ضروریات کی تکمیل کیلیئے اِن اشیاء کی دستیابی کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا۔ اِس کے علاوہ، لازمی اشیاء کی لگاتار دستیابی کو یقینی بنانے کی خاطر مختصر مدتی اور طویل مدتی اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔

اِس میٹنگ میں کیمیکلز، دوا ساز کمپنیوں، پٹیرو کیمیکلز اور دیگر صنعتی شعبوں کو درکار درآمدات کو دیگر ذرائع سے حاصل کرنے کے کئی اقدامات پر بھی تبادلہَ خیال ہوا۔ وزیرِ اعظم کے دفتر نے بتایا کہ مختلف وزارتوں نے کئی اقدامات تجویز کئے ہیں۔ سبھی متعلقہ فریقوں کے ساتھ صلاح و مشورہ کرکے آنے والے دِنوں میں اِن پر عمل درآمد کیا جائے گا۔

نئی دلّی سے **Samarth** سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیئے میں ...

Rev. West Asia Updates

ایران نے دھمکی دی ہے کہ اگر امریکہ اُس کے بجلی گھروں پر حملہ کرتاہے کہ تو وہ آبنائے ہُرمز کو پوری طرح بند کر دے گا۔ ایک بیان میں ایران کی سپاہِ پاسدارانِ انقلاب IRGC نے کہا ہے کہ آبنائے ہُرمز کو مکمل طور پر بند کر دیا جائے گا اور اُسے اُس وقت تک نہیں کھولا جائے گا، جب تک کہ ایران کے تباہ شدہ بجلی گھروں کی دوبارہ تعمیر مکمل نہیں ہو جاتی۔ IRGC کا یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے، جب ڈونلڈ ٹرمپ نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایران 24 گھنٹے کے اندر آبنائے ہُرمز کو نہیں کھولتا ہے تو امریکہ، ایران کے متعدد بجلی گھروں پر حملہ کرے گا اور اُنہیں تباہ کر دے گا، جس کا آغاز سب سے بڑے بجلی گھر سے کیا جائے گا۔

اس کے علاوہ IRGC نے اپنے آپریشن True Promise 4 کے 74 ویں سلسلے کا اعلان کیا ہے، جس میں بھاری میزائلوں کا استعمال کرتے ہوئے تل ابیب، Petah Tikva ، Holon اور Ramat Gan میں فوجی اور سکیورٹی مراکز کو نشانہ بنایا گیا۔

اس دوران ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس آج مغربی ایشیاء کیلئے اور وہاں سے کُل 30 طے شدہ اور غیر طے شدہ پروازیں چلائیں گی، تاہم کئی رُوٹس پر فضائی خدمات محدود رہیں گی۔ دونوں ایئر لائنس جدّہ کیلئے اپنی پروازیں جاری رکھیں گی، جہاں بھارت اور سعودی عرب کے شہر کے درمیان کُل 10 پروازیں چلائی جائیں گی۔

ایئر انڈیا دلّی اور ممبئی سے ایک-ایک واپسی کی پرواز چلائے گی، جبکہ ایئر انڈیا ایکسپریس بنگلورو، کوزی کوڈ اور مینگلورو سے فضائی خدمات فراہم کرے گی۔×

Nominations Assembly Polls

آسام، کیرالم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہو جائے گا۔ مذکورہ دونوں ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقے میں ایک ہی مرحلے میں اگلے مہینے کی 9 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل کی جائے گی، جبکہ نام واپس لینے کی آخری تاریخ 26 مارچ ہے۔

تمل ناڈو میں ایک ہی مرحلے میں 23 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مغربی بنگال میں 23 اور 29 اپریل کو دو مرحلے میں پولنگ ہوگی۔ تمل ناڈو اور مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن اس مہینے کی 30 تاریخ کو جاری کیا جائے گا۔ مغربی بنگال کے دوسرے مرحلے کی پولنگ کیلئے نوٹیفکیشن 2 اپریل کو جاری کیا جائے گا۔ چاروں ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقے کے ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو کی جائے گی۔×

Keralam Nominations

کیرالم اسمبلی چناؤ کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہو جائے گا۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Smithy

*امیدوار آج سہ پہر تین بجے تک کیرالم اسمبلی انتخابات کیلئے اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کر سکتے ہیں۔ کاغذات داخل کرنے کا عمل دن میں **11** بجے شروع ہوگا۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل کی جائے گی، جبکہ امیدوار اس مہینے کی **26** تاریخ تک اپنا نام واپس لے سکیں گے۔ کیرالم میں اب تک **140** حلقوں میں کُل **341** امیدواروں نے پرچے داخل کیے ہیں۔*

*تروائنت پورم سے اِمتھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............*

WB - Suplimentary List

مغربی بنگال کے چیف الیکٹورل آفیسر منوج کمار اگروال نے کہا ہے کہ انتخابی کمیشن، ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی SIR کے عمل کے تحت پہلی ضمنی ووٹر فہرست آج جاری کرے گا۔ اس فہرست میں اُن ووٹروں کے نام شامل ہوں گے، جن کے دستاویزات مکمل طور پر تصدیق شدہ ہیں اور جو اب تک جانچ کے مرحلے میں زیرِ التوا تھے۔ انتخابی کمیشن کے ذرائع نے کہا ہے کہ 27 لاکھ زیرِ التوا ووٹر ریکارڈز کو نمٹا دیا گیا ہے، جبکہ روزانہ تقریباً 2 لاکھ ناموں پر کارروائی کی جا رہی ہے۔ فہرست جاری ہونے کے بعد اگر رائے دہندگان کو کوئی اعتراض ہو تو وہ ECI Net App یا کمیشن کی ویب سائٹ کے ذریعے آن لائن یا ضلعی یا ذیلی ڈویژنل دفاتر میں آف لائن اپیل کر سکتے ہیں۔

فہرست کی اشاعت کے بعد کسی بھی ناخوشگوار واقعے کو روکنے کیلئے ریاستی حکومت نے ضلع مجسٹریٹس کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ ہجوم پر قابو پانے کے اقدامات کریں۔ اس ہدایت کی کاپیاں ریاستی پولیس سربراہ اور کولکاتہ پولیس کمشنر کو بھی بھیجی گئی ہیں۔ سپریم کورٹ کی ہدایات کے بعد 23 ضلعوں میں اپیل کیلئے 19 ٹرائبونل قائم کیے گئے ہیں، جن میں ہائی کورٹ کے سابق جج تعینات ہیں۔ ضمنی فہرست میں جن ووٹروں کے نام شامل نہیں ہوں گے، وہ اِن ٹرائبونل کے ذریعے اپیل کر سکتے ہیں۔x

Parliament Today

خزانے اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملا سیتارمن آج لوک سبھا میں کارپوریٹ قوانین ترمیمی بل 2026 پیش کریں گی۔ اِس کے علاوہ، ایوان کے آج کے کام کاج میں مالی بل 2026 پر غور و خوض اور اِس کی منظوری بھی شامل ہے۔

اِدھر راجیہ سبھا میں آج مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ، مرکزی مسلح پولیس فورسز سے متعلق عمومی انتظامیہ بل 2026 پیش کریں گے۔ اِس کے علاوہ، اخراجات سے متعلق نمبر دو بل 2026 بھی غور و خوض اور منظوری کیلئے ایوان کے آج کے کام کاج میں شامل ہے۔ x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Mines Auction

کوئلے اور کانوں کے محکمے کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی آج اہم اور کلیدی معدنیاتی بلاکوں کی نیلامی کے ساتویں مرحلے کا آغاز کریں گے۔ کانوں کو پٹّے پر دینے اور جامع لائسنس کے تحت مختلف ریاستوں میں اِس مرحلے میں 19 بلاکوں کی نیلامی ہوگی۔ یہ بلاک مختلف شعبوں کیلئے ضروری معدنیات پر مشتمل ہوں گے، اِن میں ماحولیات کیلئے سازگار توانائی، جدید طرز کی ٹیکنالوجیاں، کیمیاوی کھاد اور کلیدی اہمیت کی حامل صنعتیں شامل ہیں۔

کانوں کے محکمے کی وزارت کے مطابق یہ نیلامی دو مرحلے والے شفاف عمل کے ذریعے آن لائن کی جائے گی۔x

Punjab Martyrs Day

آج سرکردہ مجاہدینِ آزادی بھگت سنگھ، راج گرو اور سُکھ دیو کو، اُن کے شہیدی دِوس پر خراجِ عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔ انہیں برطانوی حکمرانوں نے 1931 میں آج کے ہی دن لاہور سینٹرل جیل میں پھانسی دی تھی۔ اِن تین انقلاب پسند مجاہدینِ آزادی پر 17 دسمبر 1928 کو ایک برطانوی پولیس افسر پر گولی چلانے میں اُن کے شامل ہونے کی بناء پر مقدمہ چلایا گیا اور پھر موت کی سزا سنائی گئی۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

VC - Rajesh Bali

*انگریزوں نے مقررہ تاریخ سے ایک دن پہلے شہید اعظم بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھدیو کو پھانسی دینے کے بعد خفیہ طریقے سے ان کی لاشیں فریوز پور کے حسینی والا میں دریائے ستلج کے کنارے غیر رسمی طریقے سے سپردِ آتش کر دیں۔ یہاں شہیدوں کی قومی یادگار کسی کے سامنے نہ جھکنے والے انقلابی جذبے کی عکاسی کرتی ہے۔ پنجاب میں سرحدی سلامتی فورس نے کل تینوں کی عظیم قربانیوں کے احترام میں اپنی ڈائمنڈ جوبلی تقریبات کے حصے کے طور پر ایک انوکھی پہل کرتے ہوئے فیروزپور حسینی والا میراتھن کا اہتمام کیا۔ فیروزپور ریلوے ڈویژن نے لوگوں کو فیروز پور کینٹ سے حسینی والا تک لانے اور لے جانے کیلئے آج چھ جوڑی خصوصی شہدی میلہ ٹرینیں چلائی ہیں۔*

*لوگ شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے یادگار پر پہنچ رہے ہیں، ملک کے ان سپوتوں کی عظیم قربانی کو یاد کرنے کیلئے شہید بھگت سنگھ کے آبائی گاؤں* ***Khatkar Kalan*** *میں ایک ریاستی سطح کا پروگرام منعقد کیا جائے گا۔*

*جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............*

PM - Bhagat Singh

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج مجاہدینِ آزادی بھگت سنگھ، راج گرو اور سُکھ دیو کو، اُن کے شہید دِوس پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ ملک کی خاطر اُن کی شہادت کی یاد لوگوں کے ذہن میں ہمیشہ برقرار رہے گی۔

اِدھر لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے بھی اِن مجاہدینِ آزادی کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور کہا کہ اِن دِلیر محبّ وطن مجاہدینِ آزادی نے ہمت، بہادری، قربانی اور حب الوطنی کی ایک ایسی مثال پیش کی، جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔x

Shah - Guru Hargobind Sahib

وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج سِکھ مذہب کے چھٹے گرو، گرو ہرگوبند صاحب جی کی Jyoti-Jot پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ گرو ہرگوبند صاحب جی نے سنت سپاہی کی روایت قائم کی اور اِس طرح سِکھ مذہب کو انسانیت کی حفاظت کیلئے ایک طاقتور وسیلہ بنایا۔ وزیرِ داخلہ نے کہا کہ سری اَکال تخت صاحب کی بنیاد قائم کرکے گرو ہرگوبند صاحب جی نے سِکھ مذہب کو مستحکم کیا اور ہندو - سِکھ اتحاد کے پیغام کی تشہیر کی۔x

Must Announcement

People's Padma On Akashwani سلسلے کے تحت ہم نے چھتیس گڑھ سے تعلق رکھنے والے ایک سماجی کارکن ڈاکٹر Budhri Tati سے بات کی، جنہیں پدم شری سے سرفراز کیا جائے گا۔

S/B Budhri Tati

اُن کے ساتھ یہ گفتگو آپ آج صبح نو بجکر دس منٹ پر 100 اعشاریہ ایک، آکاشوانی گولڈ پر سن سکتے ہیں۔ یہ پروگرام نیوز آن AIR ایپ اور نیوز آن AIR آفیشیل یوٹیوب چینل پر بھی دستیاب ہوگا۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے آج ساحلی آندھرا پردیش، مشرقی راجستھان، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ مدھیہ مہاراشٹر، مراٹھواڑہ، رائل سیما، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے اور شمال مشرقی ریاستوں میں بھی کل تک اِسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔

اُدھر کیرالہ، ماہے، کونکن اور گوا میں موسم گرم رہنے اور ہوا میں نمی کی پیش گوئی کی گئی ہے۔x

## Khelo India Tribal Games

چھتیس گڑھ، 25 مارچ سے 3 اپریل تک کھیلو انڈیا قبائلی گیمز KITG 2026 کی میزبانی کیلئے پوری طرح تیار ہے۔کھیل کود کے یہ مقابلے 3 شہروں رائے پور، جگدل پور اور سرگوجا میں منعقد کیے جائیں گے۔ 2 ہزار 300 اَتھلیٹس سمیت 6 ہزار سے زیادہ کھلاڑی اس میں حصہ لیں گے۔ 32 فیصد سے زیادہ قبائلی برادریوں کی آبادی، مقامی ثقافت، روایات اور کھیلوں میں مہارت کی زندہ وراثت کے ساتھ چھتیس گڑھ نہ صرف اس کا میزبان ہے، بلکہ وہ اِن کھیلوں کا فطری سرچشمہ بھی ہے۔x

## Padyatra - Shaheed Diwas

''میرا یووا ایم وائی بھارت'' آج شہید دِوس کے سلسلے میں ملک گیر پَد یاترا کا اہتمام کررہا ہے، جو ''میرا بھارت، میری ذمہ داری'' کے موضوع کے تحت منعقد کی جارہی ہے۔ یہ پَد یاترا ملک کے نوجوان مجاہدینِ آزادی بھگت سنگھ، راج گُرو اور سُکھ دیو کی قربانی کے تئیں خراجِ عقیدت ہوگا۔

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کی وزارت نے کہا ہے کہ اِس پہل کا مقصد نوجوانوں کی قوت، اصول پرستی اور امنگوں کو ذمہ دار شہریت کی سمت بروئے کار لانا ہے۔ یہ پد یاترا ملک کے سبھی 763 ضلعوں میں ہوگی اور بڑی تقریب ہریانہ کے فرید آباد میں ہوگی، جہاں 10 ہزار سے زیادہ نوجوان اِس میں شرکت کریں گے۔

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کی وزیرِ مملکت رَکشا Khadse اور ہریانہ کے کھیلوں کے محکمے کے وزیر گورَو گوتم بھی اِس موقع پر موجود رہیں گے۔ x

## Air India Flights West Asia

ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس آج مغربی ایشیا جانے اور آنے والی 30 طے شدہ اور غیر طے شدہ پروازیں چلائیں گی۔ کئی روٹس پر فضائی خدمات اب بھی محدود ہیں۔ دونوں فضائی کمپنیاں بھارت اور جدہ کے درمیان مجموعی طور پر 10 پروازوں کے ساتھ جدہ کیلئے اپنی طے شدہ پروازیں جاری رکھیں گی۔

جدہ کے علاوہ ایئر انڈیا ایکسپریس، دلّی اور ممبئی سے فضائی خدمات سمیت مسقط جانے اور آنے والی چار طے شدہ پروازیں چلائے گی۔ وہ بنگلورو اور کوزی کوڈ سے ریاض جانے اور آنے والی چار طے شدہ پروازوں کا بھی اہتمام کرے گی۔x

WB ECI Assault

مغربی بنگال میں، انتخابی کمیشن عملے کے دو افراد پر اُس وقت حملہ کیا گیا، جب وہ مغربی بردوان ضلعے کے دُرگاپور میں سرکاری دیواروں سے چناوٗ مہم کی تحریریں مٹا رہے تھے۔ کمیشن کی ہدایات پر سَب ڈویژنل دفتر کے ملازمین سوریہ کانت پال اور Bittu گپتا، Korangpara پوسٹ آفس کے علاقے میں دیواروں کی تحریریں مٹا رہے تھے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی نے واقعے کی مذمت کی ہے اور الزام لگایا ہے کہ اُس کے دو کارکنوں کو بھی حکمراں پارٹی کے اقدامات کے خلاف احتجاج کرنے پر پیٹا گیا۔×

Delhi Assembly Budget Session

دلّی قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس آج سے شروع ہو رہا ہے۔ یہ اجلاس اس مہینے کی 25 تاریخ تک جاری رہے گا۔ دلّی اسمبلی کے اسپیکر وِجیندر گپتا نے آٹھویں قانون ساز اسمبلی کے چوتھے اجلاس کے دوسرے حصے کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اسمبلی کا اجلاس وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا کی کھیر تقریب میں شرکت اور دلّی کے اقتصادی جائزے کی رپورٹ پیش کرنے کے ساتھ شروع ہوگا۔×

MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''پائیدار مستقبل کی سپلائی کو یقینی بنانے میں پانی کی بچت کی اہمیت'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک - صفر چار آٹھ ایک

صفر ایک ایک - دو تین سات ایک - سات ایک ایک سات

صفر ایک ایک - دو تین سات ایک - سات ایک صفر چھ

اور

صفر ایک ایک - دو تین تین ایک - چار چار چار چار

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار
پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد
شکریہ -عمار

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے مشرق وسطیٰ کے بحران پر، وزیرِ اعظم مودی کی اعلیٰ سطحی میٹنگ کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار انقلاب کی شہ سرخی ہے، اعلیٰ سطحی میٹنگ میں پیٹرولیم مصنوعات، گیس، توانائی اور کھاد کی بلارکاوٹ فراہمی کو یقینی بنانے پر زور۔ اخبار پرتاپ کی ایک سرخی ہے، پانی کے عالمی دن، وزیرِ اعظم نریندر مودی کا پانی کے تحفظ پر زور۔ الیکشن کمیشن کی انتخابات میں تمام پولنگ اسٹیشنوں پر بہتر سہولیات کی ہدایت، اس خبر کو اخبارات نے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے ریاستوں کو 20 فیصد سے زیادہ گیس سپلائی بڑھانے کی ہدایت دی۔ اس خبر کو اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

دلّی حکومت کی پیری فیرل ایکسپریس وے کیلئے تین ہزار 700 کروڑ روپے کی منظوری۔ یہ خبر بھی سبھی اخبار میں ہے۔

روس سے خام تیل اور امریکہ سے رسوئی گیس کے دو جہاز منگلور پہنچنے کی خبر کو اخبارات نے نمایاں کیا ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- بجلی کے نظام پر حملہ ہوا تو تباہ کن جواب دیا جائے گا: ایران کا انتباہ۔
- شام کو علاقائی جنگ سے دور رکھنے کیلئے کام کررہے ہیں: شام کے صدر احمد الشرع کا بیان۔
- ہمیں عالمی توانائی بازاروں سے باہر نکالنے کی سازش ہورہی ہے: روسی وزیرِ خارجہ کا بیان۔
- سوڈان میں اسپتال پر حملے میں 13 بچوں سمیت 64 افراد ہلاک۔ x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- سکیورٹی سے متعلق کابینہ کمیٹی نے مغربی ایشیا محاذ آرائی کے تناظر میں پیدا ہونے والے حالات کا جائزہ لیا۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اِس کے ناموافق اثرات سے لوگوں کو محفوظ رکھنے پر زور دیا ہے۔

2- ایران نے دھمکی دی ہے کہ اگر امریکہ نے اُس کے بجلی گھروں پر حملہ کیا تو آبنائے ہرمز کو پوری طرح بند کردیا جائے گا۔

3- آسام، کیرالم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوجائے گا۔

4- سرکار آج اہم اور کلیدی معدنیات کے بلاکوں کیلئے نیلامی کا ساتواں مرحلہ شروع کررہی ہے۔

5- اور چھتیس گڑھ میں بدھ کو شروع ہونے والے کھیلو انڈیا قبائلی گیمز کے مقابلے رائے پور، جگدَل پور اور سرگوجا میں ہوں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------